متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کا اجلاس، بیروزگار نوجوانوں کو کاروبار کیلئے آسان شرائط پر قرضے فراہم کرنے کیلئے ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی جانب سے اعلان کردہ مائیکروفائنانسنگ بینک کے منصوبہ کو حتمی شکل دینے پر تفصیلی غور

سینئر بینکرز اور مالیاتی ماہرین سے رابطے کیلئے ڈاکٹر فاروق ستار کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دیدی گئی

مائیکروفائنانسنگ بینک مکمل طور پر ایک غیر سیاسی مالیاتی ادارہ ہوگا جس میں ایم کیوایم کی کوئی تنظیمی مداخلت نہیں ہوگی،

بینک کو چلانے والی باڈی سینئر بینکرز، مالیاتی ماہرین، تاجروں اور صنعتکاروں پر مشتمل ہوگی

کراچی۔۔۔20، نومبر 2008ء۔۔۔ بیروزگار نوجوانوں کو کاروبار کیلئے آسان شرائط پر قرضے فراہم کرنے کیلئے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے اعلان کردہ مائیکروفائنانسنگ بینک کے منصوبہ کو حتمی شکل دینے کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کا ایک اجلاس نائن زیرو پر ہوا۔ اجلاس میں مائیکروفائنانسنگ بینک کے منصوبہ کو حتمی شکل دینے کے سلسلے میں تفصیلی غور وخوص کیا گیا۔ اجلاس میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی گئی۔ یہ کمیٹی مائیکروفائنانسنگ بینک کے منصوبہ کو حتمی شکل دینے کے سلسلے میں سینئر بینکرز اور مالیاتی ماہرین سے رابطے کرے گی جن کی آراء اور مشوروں کی روشنی میں مائیکروفائنانسنگ بینک کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔ اجلاس میں طے کیا گیا کہ مائیکروفائنانسنگ بینک مکمل طور پر ایک غیر سیاسی مالیاتی ادارہ ہوگا جس میں ایم کیوایم کی کوئی تنظیمی مداخلت نہیں ہوگی اور اس بینک کو چلانے والی باڈی سینئر بینکرز، مالیاتی ماہرین، تاجروں اور صنعتکاروں پر مشتمل ہوگی۔ واضح رہے کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے اتوار 16 نومبر کو نارتھ ناظم آباد میں ریزیڈینٹ کمیٹی کے اجتماع سے اپنے خطاب میں بیروزگار نوجوانوں کو کاروبار کی غرض سے قرضے فراہم کرنے کیلئے مائیکروفائنانسنگ بینک کے قیام کے منصوبہ کا اعلان کیا تھا۔

سٹی گورنمنٹ کراچی کی جانب سے لائنز ایریا میں سرکاری اراضی غیر قانونی قابضین سے خالی کراکر اس پر فلاحی منصوبوں کے قیام کا اعلان قابل تحسین اقدام ہے، ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔20، نومبر 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان سندھ اسمبلی نے کراچی سٹی گورنمنٹ کی جانب سے لائنز ایریا کے علاقے میں کروڑوں روپے کی سرکاری اراضی غیر قانونی قابضین سے خالی کراکر سرکاری تحویل میں لینے اور اس پر فلاحی منصوبوں کے قیام کے اعلان کا زبردست خیر مقدم کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سٹی گورنمنٹ کے اس اقدام سے علاقے کے عوام نے نہ صرف سکون کا سانس لیا ہے بلکہ اب وہاں ٹریفک کی روانی بھی بہتر ہوسکے گی۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست سٹی گورنمنٹ کی قیادت کے احسن اقدامات بتارہے ہیں کہ وہ اپنی کارروائی کے دوران عوام کے اجتماعی مفادات کو ترجیح دے رہی ہے اور ایسے مسائل حل کررہی ہے جن سے عوام کو براہِ راست سہولیات میسر آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت کی بہترین اور مثالی کارکردگی کے باعث ہی گزشتہ دنوں بین الاقوامی جریدے نے سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کے تین بہترین میئرز میں شامل کیا ہے جس سے دنیا بھر میں پاکستان کا امیج بہتر ہوا ہے۔ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے مزید کہا کہ لائنز ایریا سے کروڑوں روپے کی سرکاری اراضی غیر قانونی قابضین سے خالی کراکر اس پر فلاحی منصوبوں کا قیام قابل تحسین اقدام ہے اور اس سے عوام کو نہ صرف سہولیات میسر آئیں گی بلکہ وہ بہت سے ایسے مسائل سے چھٹکارا حاصل کرسکیں گے جو ان کیلئے وبالِ جان بنے ہوئے تھے۔

اداکارہ لہری کی صاحبزادی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔20، نومبر 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ملک کے ممتاز اور سینئر اداکار لہری کی صاحبزادی محترمہ امبر عثمان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆